© rasailojaraid.com



# تبصرہ کتب

حافظ عرفان الحق حقانی

نام کتاب: درس مسلم افادات: حضرت مولانا مفتی رفیع عثمانی صاحب

ناشر: مکتبہ نعمانیہ کراچی صفحات: ۱۷۹ ((قیمت درج نہیں))

الجامع الصحیح للامام ابی الحسن مسلم بن الحجاج بن مسلم صحاح ستۃ میں صحت، عظمت وشرافت اور مقبولیت کے لحاظ سے دوسرے نمبر پر ہے۔ اگرچہ بعض حضرات نے تو اس کو بخاری شریف سے بھی اصح قرار دیا ہے۔ حافظ ابن مندہ رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ نے شیخ ابوعلی نیشاپوری قدس سرہ کا یہ قول نقل کیا ہے (ماتحت ادیم السماء کتاب اصح من کتاب مسلم) لیکن حقیقت یہی ہے کہ بخاری شریف صحت کے اعتبار مسلم شریف سے بڑھکر ہے اور قول مذکور (ابوعلی نیشاپوریؒ) محمول ہے۔ مسلم شریف کے حسن ترتیب احتیاط فی الفاظ الاسناد وغیرھم پر۔ ان اشعار میں اسکی طرف اشارہ ہے:

تنازع قوم فی البخاری و مسلم لدی فقالوا ای ذین یقدم

فقلت لقد فاق البخاری فی صحۃٌ کمافاق فی حسن الصناعۃ مسلم

مسلم شریف کی ایک خصوصیت مصنف کی طرف سے شروع کتاب میں علوم حدیث پر جامع اور پرمغز مقدمہ لگانا ہے۔ یہ مقدمہ فہم علم حدیث اور مطالعہ مسلم شریف کے لئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ اردو زبان میں دورہ حدیث کے طلباء کی آسانی کے خاطر ارباب مکتبہ نعمانیہ نے حدیث، مقدمہ مسلم اور کتاب الایمان کے اہم مباحث پر مشتمل "درس مسلم" (افادات حضرت مولانا مفتی رفیع عثمانی صاحب) کی شکل میں چھپوایا ہے۔ دورہ حدیث شریف کے طلباء کے لئے مبادی حدیث سے واقفیت لازمی ہے۔ مدارس دینیہ میں صحاح ستہ پڑھانے سے قبل مبادی حدیث پر ہفتوں بحث کی جاتی ہیں۔ ان مباحث کے لئے یہ کتاب انتہائی مفید ہے۔ مذکورہ کتاب میں حدیث کے ابتدائی مباحث انتہائی دلکش انداز سے جمع کیے گئے ہیں۔ تعریفات حدیث وشرافت حدیث واضح کرنے کے بعد حجیت حدیث کو ثابت کرنے کے لئے منکرین حدیث کا بیان کیا کہ جن بدبختو نے مغربیت سے مرعوب ہوکر انکار حدیث کا فتنہ برصغیر میں برپا کیا۔ منکرین حدیث کے نظریات ثلاثہ ذکر کرنے کے بعد ان پر مفصلاً رد کرکے ان کے نظریات کو باطل قراردیا گیا ہے۔ تدوین حدیث میں کتابت حدیث وغیرھم اور انواع مصنفات علم حدیث پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی ہے۔ امام مسلمؒ کے حالات ذکر کرنے کے بعد مقدمہ مسلم کے اہم بحث حدیث المعنعن کے اتصال وانقطاع میں



© rasailojaraid.com